# تعارف و تبصرۂ کتب

تبصرہ نگار : پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

## ○ شاہ ولی اللہ محدّث دہلویؒ  تالیف : عبدالرشید عراقی

صفحات : 144  قیمت 48 روپے

ناشر : نورِ اسلام اکیڈمی، پوسٹ بکس 5166 ماڈل ٹاؤن لاہور

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ دنیائے اسلام کی ایک عبقری شخصیت ہیں۔ اسلام کیلئے ان کی ٹھوس اور ضروری خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ ان کی تصنیفات خصوصاً حجۃ اللہ البالغہ اور الفوز الکبیر عالم اسلام سے داد تحسین حاصل کرچکی ہیں۔ اگرچہ ان کے حالات پر اب تک بہت سی کتابیں لکھی جاچکی ہیں۔ تاہم شاہ صاحب کے حالات زندگی پر یہ کتاب بھی وقت کی ایک اہم ضرورت پوری کرتی ہے۔ فاضل مصنف نے مصروف قارئین کیلئے شاہ صاحب کی زندگی کے حالات پر مستند معلومات نہایت ہی جامعیت کے ساتھ مختصر الفاظ میں پیش کردی ہیں۔ کتاب کی تیاری میں صحت مند اور معیاری معلومات فراہم کی گئی ہیں جس کیلئے درجنوں کتب مصنف کے زیر مطالعہ رہی ہیں۔

شاہ صاحب کا شمار عالم اسلام کے صفِ اول کے مشاہیر میں ہوتا ہے۔ ان کی خدمات کو عام کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، کیونکہ اِس وقت بھی مسلمانوں کی بڑی تعداد غیر اسلامی رسوم و رواج کی پابند اور صحیح اسلامی تعلیمات سے ناآشنا ہے۔ اس کی وجہ قرآن و حدیث کو سمجھ کر نہ پڑھنا ہے۔ اس کتاب سے کے مطالعہ سے جہاں دین کا کام کرنے والوں کی حوصلہ افزائی ہوگی وہاں عام مسلمانوں کو غیر اسلامی رسوم و رواج کو چھوڑ کر صحیح اسلامی تعلیمات اپنانے کا داعیہ پیدا ہوگا کیونکہ شاہ صاحب نے انتہائی نامساعد حالات میں اصلاح امت کیلئے ٹھوس کارنامے انجام دیئے، حق بات کے کہنے میں کسی طرح کی مخالفت کو خاطر میں نہ لائے اور نتیجہ کے طور پر مسلمانوں کی بڑی تعداد کو راہ حق پر گامزن کرنے میں کامیاب ہوگئے۔

فاضل مصنف کی کاوش قابل قدر ہے۔ کتاب میں شاہ صاحب کے علاوہ ان کی ہونہار اولاد شاہ عبدالعزیز، شاہ رفیع الدین، شاہ عبدالقادر، شاہ اسمٰعیل شہید، شاہ محمد اسحاق اور سید نذیر حسین رحمۃ اللہ علیہم کے حالات زندگی اور عظیم علمی خدمات کا تذکرہ ہے، جس نے کتاب کو مزید

© rasailojaraid.com

مفید بنادیا ہے۔ مصنف نے شاہ صاحب اور ان کی اولاد کے بارے میں مختصر مگر جامع معلومات فراہم کر کے دریا کو کوزے میں بند کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔ کتاب معنوی خوبیوں کے علاوہ ظاہری خوبیوں سے بھی مالا مال ہے۔

## ○ پھُول پھُول خوشبو    تالیف : عتیق الرحمٰن صدیقی

صفحات : 204    قیمت : 80 روپے

ناشر : نور اسلام اکیڈمی ' پوسٹ بکس 5166 ماڈل ٹاؤن لاہور

عتیق الرحمٰن صدیقی صوبہ سرحد کے ایک علمی خانوادے کے چشم و چراغ ہیں۔ ان کی اپنی ساری عمر تعلیم و تعلّم کے معزز پیشے سے منسلک رہتے ہوئے گزری۔ لہٰذا نونہالوں کی نفسیات سے نہ صرف علمی طور پر آگاہ ہیں بلکہ نوجوانوں کی علمی راہنمائی کا فن بھی انہیں خوب آتا ہے۔

فاضل مصنف نے نونہالانِ ملت کیلئے ایک خوبصورت ادبی گلدستہ تیار کیا ہے' جس میں اخلاقیات کے مختلف موضوعات کو عنوان قرار دے کر قرآن و سنت سے ماخوذ تعلیمات کو پیش کیا گیا ہے۔ ہر عنوان کی توضیح بڑے مؤثر پیرائے میں جامع الفاظ کے ساتھ کی گئی ہے۔ بچوں کو مطالعہ کرنے اور معلومات اکٹھی کرنے کا شوق ہوتا ہے جس کیلئے مناسب راہنمائی نہ ملنے کی وجہ سے وہ جنّوں اور پریوں کی قسم کی کہانیاں پڑھنے لگتے ہیں جس سے نہ تو کوئی اخلاقی سبق ملتا ہے اور نہ ہی معلومات میں اضافہ ہوتا ہے۔ "پھول پھول خوشبو" بچوں کی نفسیات کو پیش نظر رکھ کر بڑی محنت سے تیار کی گئی ہے' جس کو پڑھتے وقت بچے نہ صرف مطالعے کا شوق پورا کریں گے بلکہ مستند معلومات بھی حاصل کریں گے۔ مزید برآں ان کے اندر خود کارانہ انداز سے اچھے اخلاق اپنانے کا داعیہ پیدا ہو گا۔ کتاب اپنے اسلوب اور موضوعات کے اعتبار سے بچوں کے علاوہ ہر عمر کے افراد کیلئے یکساں مفید ہے۔

کتاب حقیقی خوبیوں کی حامل ہونے کے علاوہ ظاہری حسن سے بھی مالا مال ہے۔ ٹائٹل نہایت خوبصورت اور دلکش منظر پیش کرتا ہے۔ لکھائی چھپائی معیاری ہے۔ بچوں اور نوجوانوں کے لئے ہر اعتبار سے مفید ہے۔ والدین اگر اپنے بچوں کو یہ کتاب فراہم کریں اور دوسروں کو تحفے کے طور پر دیں تو معاشرہ کے نونہالوں پر بہت اچھا پڑے گا۔ البتہ قیمت کچھ زیادہ معلوم ہوتی ہے۔

(پروفیسر محمد یونس جنجوعہ)


(حکمت قرآن کے قارئین یہ کتابیں 30 فیصد رعایت پر حاصل کر سکتے ہیں۔ ڈاک خرچ بذمہ خریدار)

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

# سالانہ رپورٹ

## مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور

برائے سال ۹۹-۱۹۹۸ء




مرتب : محمود عالم میاں (مدیر عمومی)

© rasailojaraid.c

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش لفظ

الحمدللہ اس سال بھی مجھے مرکزی انجمن کی سالانہ رپورٹ مرتب کرنے کی سعادت حاصل ہو رہی ہے۔ جس وقت یہ رپورٹ آپ کی خدمت میں پیش کی جائے گی ہم سب اس وقت ان شاء اللہ مرکزی انجمن کے ۲۷ ویں سالانہ اجلاس کے لئے جمع ہو چکے ہوں گے۔ اس اجلاس میں تشریف آوری پر میں آپ کو خوش آمدید کہتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ [illegible]

© rasailojaraid

تحریکوں اور تنظیموں کی زندگی میں سالانہ اجتماعات اس لحاظ سے بہت اہمیت کے حامل ہوتے ہیں کہ ان میں گزشتہ سال کے ساتھ ساتھ اب تک کی کارگزاری اور جدوجہد کا جائزہ لیا جاتا ہے' پھر ایک نئے جوش وجذبہ کے ساتھ اور اللہ تعالیٰ کی تائید اور نصرت پر بھروسہ کرتے ہوئے آئندہ کے لئے کمر ہمت کسی جاتی ہے۔ مرکزی انجمن کی تاسیس ۱۹۷۲ء میں ہوئی اور یوں اس راہ گزر پر سفر کرتے ہوئے ۲۷ برس مکمل ہو چکے ہیں۔ اس دوران مرکزی انجمن کی دعوت ایک تحریک کی شکل اختیار کر چکی ہے۔ پاکستان کے بڑے بڑے شہروں میں ۶ مزید انجمنیں قائم ہو چکی ہیں جو مرکزی انجمن کی نہج پر ہی دعوت قرآنی کا کام کر رہی ہیں۔ مزید برآں کراچی اور ملتان میں لاہور ہی کی طرز پر قرآن اکیڈمیز بھی قائم ہو چکی ہیں۔ بلاشبہ رجوع الی القرآن کی یہ تحریک اب دنیا کے کونے کونے میں پہنچ چکی ہے۔ بلکہ اب تحریک کا بہت سا لٹریچر انگریزی میں بھی دستیاب ہے۔ اس طرح انگریزی دان طبقہ بھی اس سے مستفید ہو رہا ہے۔ جدید ذرائع ابلاغ یعنی کمپیوٹر انٹرنیٹ کے استعمال کی وجہ سے اب اس میں بہت تیز رفتاری آچکی ہے۔ ہماری ویب سائٹ بحمد اللہ اب عالم اسلام کی بڑی انٹرنیٹ سائٹس میں سے شمار کی جاتی ہے۔ دورہ ترجمہ قرآن اور منتخب نصاب بھی اس ویب سائٹ سے نشر کیا جا رہا ہے اور اس کے [illegible]فہ ہو رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس کام کو مزید

© rasailojaraid

دن دونی اور رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔

موجودہ رپورٹ میں سال ۹۹-۱۹۹۸ء کے دوران مرکزی انجمن کے تمام شعبہ جات کی کارکردگی پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ علاوہ ازیں ارکانِ انجمن کی موجودہ تعداد اور مالیات سے متعلق آڈٹ شدہ گوشوارے بھی اس رپورٹ میں شامل کئے گئے ہیں۔ منسلک انجمنوں کی مختصر کارکردگی بھی درج کی گئی ہے۔

انجمن کی ہیئت انتظامیہ کی تشکیل ۹۵-۱۹۹۴ء میں کی گئی تھی۔ اب اس نئے دستور کے مطابق اللہ کے فضل و کرم سے تمام معاملات سرانجام پا رہے ہیں۔ مجلس عاملہ کا اجلاس ہر ماہ اور شوریٰ کا اجلاس ہر ۳ ماہ بعد منعقد ہوتا ہے۔ اس سال مجلس شوریٰ کے چار اور مجلس عاملہ کے کل ۹ اجلاس منعقد ہوئے۔ یاد رہے کہ جس ماہ شوریٰ کا اجلاس منعقد ہوتا ہے اس ماہ عاملہ کا اجلاس منعقد کرنا ضروری نہیں ہے۔

اس سال کی اہم بات قرآن کالج فار گرلز کا قیام ہے۔ کافی غور و خوض اور اللہ تعالیٰ کی تائید اور نصرت کے بھروسے پر اس کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس سال صرف فرسٹ ایئر (آرٹس) میں داخلے کئے گئے ہیں۔ گو طالبات کی تعداد ابھی کچھ زیادہ حوصلہ افزا نہیں ہے تاہم کالج میں تدریس کا آغاز بحمد اللہ طے شدہ پروگرام کے مطابق کر دیا گیا ہے۔ قرآن کالج آف آرٹس اینڈ سائنس میں ایف اے' آئی کام اور آئی سی ایس کے سالِ اول کے داخلے اللہ کے فضل و کرم سے بہت بہتر رہے اور اس سال ۸۴ طلبہ نے داخلہ لیا۔

سال ۹۹-۱۹۹۸ء کے دوران مختلف شعبہ جات کی کارکردگی کا اجمالی خاکہ اور تفاصیل صفحات آئندہ میں درج کر دی گئی ہیں۔ لیکن اختتام سے پہلے میں چاہتا ہوں کہ ان تمام حضرات کا تہہ دل سے شکریہ ادا کر دوں جو اس تحریک رجوع الی القرآن کے فروغ اور اس کی نشر و اشاعت میں کسی درجہ میں بھی مددگار ثابت ہوئے۔

اس میں سرفہرست اور اس تحریک کے روحِ رواں تو محترم صدر مؤسس' ڈاکٹر اسرار احمد صاحب ہیں جنہیں حقیقی معنوں میں خادمِ قرآن کہا جا سکتا ہے۔ ان کی مسلسل جدوجہد اور دن رات کی محنت شاقہ کے نتیجے میں تحریک اپنا موجودہ مقام حاصل کر سکی ہے' اور اس کے پھیلاؤ میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو بہترین اجر عطا فرمائے۔

© rasailojaraid.c

اسی طرح مرکزی انجمن کے ناظم اعلیٰ جناب قمر سعید قریشی صاحب بھی شکریئے کے مستحق ہیں جن کی اب ہمہ وقت خدمات مرکزی انجمن کو حاصل ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر سے نوازے۔

مزید برآں مجلس شوریٰ کے معزز ارکان اور مجلس عاملہ کے محترم ناظمین کا شکریہ ادا نہ کرنا بھی حق تلفی ہوگی کہ وہ اپنے اوقات اور توانائیوں کا ایک حصہ انجمن کے مشن کیلئے صرف کر رہے ہیں۔ اراکینِ انجمن میں سے وہ لوگ جو باقاعدگی کے ساتھ اپنا زرِ تعاون ادا کر رہے ہیں اور وہ لوگ جنھوں نے انجمن کے لئے دل کھول کر عطیات دیئے اور خصوصی پراجیکٹس میں مالی تعاون کیا' سب کا شکریہ ادا کرنا ہم پر واجب ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ان کے اس جہاد بالمال کو شرف قبولیت عطا فرمائے۔

ان لوگوں کے ساتھ ساتھ وہ لوگ بھی ہمارے دلی شکریہ کے مستحق ہیں جو ہمارے لئے اچھے جذبات رکھتے ہیں اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھتے ہیں۔ تمام ملازمین انجمن کا بھی شکریہ جو اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ان سب کو بہتر جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

محمود عالم میاں

مدیر عمومی

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور

© rasailojaraid.com

# اشاریہ (INDEX)

صفحہ


○ مختلف شعبہ جات کی کارکردگی کی تفصیل 79

✸ اکیڈمک ونگ 79

◖ شعبہ تصنیف و تالیف اور ترتیب و تسوید

◖ شعبہ انگریزی

◖ شعبہ کتابت و طباعت (بشمول کمپیوٹر کمپوزنگ)

◖ قرآن اکیڈمی لائبریری

✸ مکتبہ 84

✸ شعبہ خط و کتابت کورسز 85

✸ شعبہ سمع و بصر 88

✸ قرآن کالج 90

◖ نئے داخلے

◖ اسلامک جنرل نالج ورکشاپ

◖ بورڈ اور یونیورسٹی کے امتحانات

◖ ہم نصابی سرگرمیاں

◖ سالانہ کھیلوں کے مقابلے

◖ لاہور بورڈ سے الحاق

◖ کالج لائبریری


© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

* کالج ہاسٹل 94
* جامع القرآن و شعبہ حفظ و قرآن و ناظرہ 95
* ایڈمن 95
* اکاؤنٹس اور کیش سیکشن 96
* بیلنس شیٹ اور مالی گوشوارہ 97-98

○ منسلک انجمنوں کی کارکردگی کا جائزہ 99
* انجمن خدام القرآن سندھ' کراچی 99
* انجمن خدام القرآن ملتان 106
* انجمن خدام القرآن فیصل آباد 107
* انجمن خدام القرآن سرگودھا 109
* انجمن خدام القرآن راولپنڈی / اسلام آباد 110
* انجمن خدام القرآن سرحد' پشاور 111


© rasailojaraid

### اراکین انجمن کی موجودہ تعداد

| | | |
|---|---|---|
| مؤسسین و محسنین | = | 389 |
| مستقل ارکان | = | 182 |
| عام ارکان | = | 434 |
| کل تعداد | = | 1005 |

(مندرجہ بالا تعداد میں بیرون ملک اراکین کی تعداد بھی شامل ہے)

© rasailojaraid

# شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ

## اکیڈمک ونگ (Academic Wing)

قرآن اکیڈمی کے اکیڈمک ونگ کے تحت اِس وقت مندرجہ ذیل چار شعبے کام کر رہے ہیں۔

1۔ شعبہ تصنیف و تالیف اور ترتیب و تسوید
2۔ شعبہ انگریزی
3۔ شعبہ کتابت و طباعت (بشمول کمپیوٹر کمپوزنگ)
4۔ قرآن اکیڈمی لائبریری

© rasailojaraid

### 1۔ شعبۂ تصنیف و تالیف اور ترتیب و تسوید

مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے زیر اہتمام شائع ہونے والے اردو جرائد (ماہنامہ میثاق' ماہنامہ حکمت قرآن اور ہفت روزہ ندائے خلافت) کے جملہ ادارتی امور' مثلاً مضامین کی تالیف اور editing' محترم صدر مؤسس کے دروس و خطابات کو ٹیپ سے صفحۂ قرطاس پر منتقل کر کے انہیں مرتب کرنا اور مضامین کی پروف ریڈنگ وغیرہ جیسے امور اس شعبہ کی ذمہ داری ہیں۔ چنانچہ یہ شعبہ ہرماہ دو ماہانہ جرائد (میثاق اور حکمت قرآن) اور ہفت روزہ ندائے خلافت کے چار شمارے شائع کرنے کا اہتمام کرتا ہے۔

مزید برآں یہ شعبہ مرکزی انجمن کی جملہ کتب (نئی یا پرانی) کی تیاری اور ان کی اشاعت کا بھی ذمہ دار ہے۔ چنانچہ نئی کتابوں کو مرتب (edit) کرنا' پرانی کتابوں میں سے جس کے بارے میں ضرورت محسوس ہو اس پر نظرثانی کرتے ہوئے اسے از سرنو مرتب کر کے نئی کمپوزنگ کرانا اور نئے ایڈیشنز کی اشاعت سے پہلے ان کی اغلاط کی تصحیح کرانا اسی شعبے کی ذمہ داری ہے۔

© rasailojaraid

99-1998ء کے دوران اس شعبے کی کارگزاری کا مختصر سا جائزہ درج ذیل ہے :

## رسائل و جرائد

i) **ماہنامہ میثاق** : جولائی 98ء سے جون 99ء تک ماہنامہ میثاق کے بارہ شمارے باقاعدگی سے شائع ہوئے۔

ii) **ماہنامہ حکمت قرآن** : بعض ناگزیر مجبوریوں کی بنا پر ماہنامہ حکمت قرآن کے جنوری۔ فروری 99ء اور مارچ۔اپریل 99ء کے مشترکہ شمارے شائع کئے گئے۔ اس طرح سال بھر میں حکمت قرآن کے دس شمارے اشاعت پذیر ہوئے۔

iii) **ہفت روزہ ندائے خلافت** : 99-1998ء کے دوران ہفت روزہ ندائے خلافت کی اشاعت میں باقاعدگی رہی۔ صرف عید الفطر اور عید الاضحیٰ کی تعطیلات کے باعث دو شمارے شائع نہ ہو سکے۔ اس طرح سال بھر میں 52 کی بجائے 50 شمارے منظر عام پر آئے۔

© rasailojaraid

## اشاعت کتب

- محترم صدرِ مؤسس کے سلسلہ وار بارہ خطابات پر مشتمل کتاب "منہج انقلابِ نبوی" کی از سر نو ایڈیٹنگ کر کے اس میں موجود اُن مکررات و زوائد کو حتی الامکان حذف کرنے کی کوشش کی گئی جو تقریر میں تو ایک ناگزیر ضرورت کا درجہ رکھتے ہیں لیکن تحریر میں ان کی موجودگی قارئین کی طبیعت کو مکدر کرنے کا باعث بنتی ہے۔ اسے کمپیوٹر کمپوزنگ پر نئے خوبصورت ٹائٹل کے ساتھ نئی آب و تاب سے شائع کیا گیا۔
- محترم صدر مؤسس کے خطاب پر مشتمل کتابچہ "شہید مظلوم" نظر ثانی کے بعد کمپیوٹر کمپوزنگ پر شائع کیا گیا۔
- محترم صدر مؤسس کے دروس پر مشتمل الہدیٰ کیسٹ سیریز کے دو نئے کتابچے شائع کئے گئے :

درس نمبر9 = اثباتِ آخرت کیلئے قرآن کا استدلال : سورۃ القیامہ کی روشنی میں

درس نمبر10 = تعمیر سیرت کی اساسات: سورۃ المؤمنون اور سورۃ المعارج کی آیات

© rasailojaraid

کی روشنی میں

○ انجینئر مختار حسین فاروقی صاحب کی تصنیف "خیریتِ تعلّم و تعلیمِ قرآن" کتابی صورت میں شائع کی گئی۔

○ مسئلہ سود اور غیر سودی مالیات (تالیف محمد اکرم خان) کا تیسرا revised ایڈیشن شائع کیا گیا۔ واضح رہے کہ اس کتاب کا ہر ایڈیشن مؤلف کی نظر ثانی اور اعداد و شمار کی updating کے ساتھ شائع ہوتا ہے۔

○ آسان عربی گرامر حصہ اول اور حصہ دوم کے نظر ثانی شدہ ایڈیشن کمپیوٹر کمپوزنگ کے ساتھ شائع کیے گئے۔

○ دورانِ سال مندرجہ ذیل کتابوں کے نئے ایڈیشن شائع کیے گئے، جن میں حسب ضرورت غلطیوں کی تصحیح کا کام بھی کیا گیا:

1) جماعت شیخ الہند اور تنظیم اسلامی
2) منہج انقلاب نبویؐ (سابقہ ایڈیشن)
3) عزمِ تنظیم
4) نبی اکرم ﷺ سے ہمارے تعلق کی بنیادیں۔
5) فرائض دینی کا جامع تصور
6) مطالعہ قرآن حکیم کا منتخب نصاب (پاکٹ سائز)
7) استحکامِ پاکستان
8) عظمتِ صیام وقیامِ رمضان
9) عظمتِ قرآن بزبان قرآن وصاحب قرآن
10) قرآن حکیم اور ہماری ذمہ داریاں
11) راہِ نجات۔ سورۃ العصر کی روشنی میں
12) ایک اصلاحی تحریک مع خطبہ نکاح
13) حُبِّ رسول ﷺ اور اس کے تقاضے
14) شیعہ سنی مفاہمت کی ضرورت و اہمیت

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

15) اطاعت کا قرآنی تصور

16) الہدیٰ کیسٹ سیریز' کتابچہ 35

17) الہدیٰ کیسٹ سیریز' کتابچہ 37

## 2- شعبہ انگریزی

1) اس شعبہ کا قیام اکتوبر 95ء میں عمل میں لایا گیا تھا۔ اس شعبہ کے تحت اس سال سہ ماہی مجلّہ "THE QURANIC HORIZONS" کے چار شمارے باقاعدگی سے شائع کیے گئے۔

2) امیر محترم کی تقریر بعنوان "عہدِ حاضر میں نظامِ خلافت کا دستوری اور قانونی ڈھانچہ" کا انگریزی میں ترجمہ کر کے دو اخبارات "نیشن" اور "ڈان" کو بغرضِ اشاعت ارسال کیا گیا۔

© rasailojaraid

3) ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب نے اپنے ایک مضمون میں علامہ اقبال کے افکار کو غلط رنگ میں پیش کیا۔ یہ مضمون روزنامہ "ڈان" میں شائع ہوا۔ جس کا مدلل جواب پیش کرنے کی کوشش کی گئی اور روزنامہ "ڈان" کو بغرض اشاعت ارسال کیا گیا۔

4) انگریزی کتابچہ "THE OBLIGATIONS MUSLIMS OWE TO THE QURAN" کی از سرِ نو کمپوزنگ' پروف ریڈنگ اور انداز بیان کی اصلاح کی گئی۔ نظرثانی شدہ ایڈیشن کی اشاعت مکمل ہو گئی ہے۔

5) منتخب نصاب کے انگریزی کیسٹ 1 تا 38 کو ٹرانسکرائب کر کے اس کی کمپوزنگ اور پروف ریڈنگ مکمل ہو گئی ہے۔ لیکن اس کی ایڈیٹنگ کا کام باقی ہے۔

6) عمران این حسین صاحب کی انگریزی کتاب THE RELIGION OF ABRAHAM AND THE STATE OF ISRAIL کا اردو میں ترجمہ کیا گیا' جس کی اشاعت کا آغاز ماہنامہ حکمت قرآن میں جون 99ء کے شمارے سے ہو گیا۔

7) ڈاکٹر رفیع الدین مرحوم کے آٹھ مقالات کی کمپوزنگ اور پروف ریڈنگ وغیرہ پر کام

© rasailojaraid

ہو رہا ہے۔

## 3۔ شعبہ کتابت و طباعت (بشمول کمپیوٹر کمپوزنگ)

مرکزی انجمن کے زیر اہتمام شائع ہونے والے چاروں جرائد' جملہ کتب اور ہینڈ بلز وغیرہ کے علاوہ ہر قسم کے اشتہارات' پوسٹرز' سرکلرز اور سٹیشنری وغیرہ کی تیاری اور طباعت کا انتظام یہی شعبہ سرانجام دیتا ہے۔ اس ضمن میں کمپیوٹر کمپوزنگ اور کاپی پیسٹنگ وغیرہ کا تمام کام اکیڈمی ہی میں مکمل کیا جاتا ہے اور طباعت (printing) کا کام بازار سے کرایا جاتا ہے۔ مرکزی انجمن کے مختلف شعبہ جات کے علاوہ بعض منسلک انجمنوں' تنظیم اسلامی اور تحریک خلافت سے متعلق بیشتر طباعتی مواد کی تیاری اور طباعت کا انتظام بھی یہی شعبہ کرتا ہے۔

تمام متعلقہ امور کی انجام دہی کے لئے شعبہ کے پاس تجربہ کار اور مستعد سٹاف موجود ہے۔ شعبہ کے پاس تین کمپیوٹر موجود ہیں جن پر اردو' عربی اور انگریزی میں کمپوزنگ کا کام ہوتا ہے۔

© rasailojaraid

## 4۔ قرآن اکیڈمی لائبریری

### کتب

- یکم جولائی 98ء کو لائبریری کے داخلہ رجسٹر کے مطابق لائبریری میں موجود کتابوں کی تعداد 6650 اور 30 جون 99ء کو 6986 تھی۔ اس طرح دورانِ سال 336 کتب کا اضافہ ہوا' جن میں سے 299 کتب عطیہ میں موصول ہوئیں جبکہ 37 کتب بازار سے خریدی گئیں جن کی مالیت 5250 روپے ہے۔
- دورانِ سال کتب کی درجہ بندی (classification) اور کیٹلاگنگ (Cataloging) کا کام جاری رہا۔ سال کے دوران 300 کتب کی درجہ بندی اور کیٹلاگنگ کی گئی اور ان کے کارڈ تیار کر کے کیٹلاگ کیبنٹ میں ترتیب دیئے گئے۔
- دورانِ سال لائبریری سے قریباً 700 کتب کا اجراء ہوا۔ مزید بر آں رکن اور غیر

© rasailojaraid

رکن حضرات کی ایک کثیر تعداد نے لائبریری کے اوقات میں کتب و رسائل اور اخبارات سے استفادہ کیا۔

## ارکان لائبریری

سال کے شروع میں لائبریری کے ارکان کی تعداد 51 تھی۔ دورانِ سال ان میں سے چار حضرات کے بیرونِ شہر چلے جانے سے ارکان کی تعداد 47 رہ گئی۔

## رسائل و جرائد اور اخبارات

99-1998ء کے دوران لائبریری میں 150 سے زائد ہفت روزہ' ماہنامہ اور سہ ماہی رسائل و جرائد باقاعدگی سے موصول ہوتے رہے۔ یہ رسائل و جرائد بالعموم میثاق' حکمت قرآن اور ندائے خلافت کے تبادلہ میں موصول ہوتے ہیں۔ سال بھر میں مجموعی طور پر قریباً 2300 رسائل و جرائد موصول ہوئے جن کا باقاعدہ ریکارڈ رکھا گیا۔

© rasailojaraid.

**اخبارات** : لائبریری میں روزانہ سات اخبارات باقاعدگی سے آتے ہیں' جن میں اردو کے پانچ اور انگریزی کے دو اخبارات ہوتے ہیں۔

مزید برآں محترم صدر مؤسس کے خطاباتِ جمعہ اور دیگر پروگراموں کی پریس کوریج ملاحظہ کرنے اور اس کا ریکارڈ رکھنے کے لئے متعلقہ دنوں کے تقریباً تمام روزنامہ اخبارات حاصل کئے جاتے ہیں۔ خصوصاً ہفتہ کے روز آٹھ اخبارات اضافی طور پر خریدے جاتے ہیں۔

**اخباری تراشوں کی فائلنگ** : اخبارات میں شائع ہونے والے محترم صدر مؤسس کے خطابات و بیانات کے پریس ریلیز' اور آپ سے متعلق خبریں اور آرٹیکلز وغیرہ کے تراشے کاٹ کر انہیں فائل میں محفوظ کر لیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ اہم موضوعات پر شائع ہونے والے مضامین کی فائلیں بھی محفوظ رکھی جاتی ہیں۔

# مکتبہ

سال 99-1998ء کے دوران مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن کی معمول کی سرگرمیاں عمدگی کے ساتھ جاری رہیں۔ ماہنامہ میثاق' حکمت قرآن' ہفت روزہ ندائے

© rasailojaraid.

خلافت اور سہ ماہی انگریزی مجلّہ "THE QURANIC HORIZONS" کی بلا تاخیر ڈسپیچ کو یقینی بنایا گیا۔ اس میں جہاں مکتبہ کے عملہ کی غیر معمولی کوشش اور جدوجہد کو دخل حاصل ہے وہاں مرکزی انجمن کے دیگر شعبوں کے ملازمین کا تعاون بھی خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔ علاوہ ازیں جرائد کے سالانہ خریداروں کی طرف سے آنے والی شکایات کا فوری ازالہ اور کتب و کیسٹس کے آرڈرز کی بروقت تعمیل کی جاتی رہی۔

دوران سال مرکزی انجمن اور تنظیم اسلامی کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے اجتماعات پر باقاعدگی کے ساتھ کتب و کیسٹس کے سٹالز کا اہتمام کیا گیا۔ اس کے علاوہ فاسٹ انسٹی ٹیوٹ کے کمپیوٹر میلہ 98ء اور پنجاب یونیورسٹی کتاب میلہ 98ء کے مواقع پر مکتبہ انجمن کے پورے اہتمام کے ساتھ سٹالز لگائے گئے جس سے کتب و کیسٹس اور خصوصاً CDs کی خاطر خواہ فروخت کے ساتھ ساتھ وسیع پیمانے پر تعارف میں اضافہ ہوا۔

سال 99-1998ء میں -/5,52085 روپے کی کتب فروخت ہوئیں جبکہ 19149 آڈیو کیسٹس جن کی مالیت -/5,68,940 روپے' 1103 ویڈیو کیسٹس جن کی مالیت -/1,65,450 روپے اور 1319 CDs جن کی مالیت -/1,64,875 ہے' فروخت کی گئیں۔ اس طرح مجموعی طور پر کتب و کیسٹس کی سیل -/14,51,322 روپے رہی۔

# شعبہ خط و کتابت کورسز

## 1۔ شعبہ کا اجراء

ایسے طلبہ و طالبات اور خواتین و حضرات کے لئے جو ملک سے یا لاہور سے باہر ہیں یا جن کیلئے کسی وجہ سے قرآن کالج/ قرآن اکیڈمی لاہور میں حاضری ممکن نہیں' خط و کتابت کورسز ترتیب دیئے گئے ہیں' تاکہ سب گھر بیٹھے سہولت کے ساتھ اپنے فارغ وقت میں عربی گرامر اور قرآن کی تعلیم حاصل کر سکیں اور درج ذیل کورسز سے استفادہ کر سکیں :

(i) قرآن حکیم کی فکری و عملی راہنمائی

(ii) ابتدائی عربی گرامر (حصہ اول)

(iii) ابتدائی عربی گرامر (حصہ دوم)

© rasailojaraid.com

(vi) ابتدائی عربی گرامر (حصّہ سوم)

(v) ترجمہ قرآن کریم کورس

پہلے کورس کا آغاز جنوری 1988ء میں کیا گیا۔ اس کورس کا مقصد خواتین و حضرات اور طلبہ و طالبات کو قرآن حکیم کے مربوط مطالعے کے ذریعے دین کے جامع اور ہمہ گیر تصور سے متعارف کرانا ہے۔ بفضل باری تعالیٰ یہ کورس خوب زور و شور سے جاری ہے۔ اس میں حصّہ لینے والوں کی تعداد 3298 تک پہنچ چکی ہے۔ بیرون ملک اس کورس کا اجراء سعودی عرب میں جدہ' مکہ مکرمہ' مدینہ منورہ' ریاض' داہران اور الواسیع میں ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ ابو ظہی' دوبئ' شارجہ' راس الخیمہ' انگلینڈ' فرانس' کینیڈا اور امریکہ میں بھی ان کورسز سے کثیر تعداد میں استفادہ کیا جا رہا ہے۔

دوسرے کورس (حصّہ اول) کا اجراء نومبر 1990ء میں کیا گیا۔ قرآن حکیم کو سمجھ کر پڑھنے کے لئے ابتدائی عربی گرامر کا جاننا ناگزیر ہے۔ اس کورس کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ کو عربی گرامر کے بنیادی اصولوں سے اس حد تک متعارف کرا دیا جائے کہ قرآن اور احادیث سے براہ راست استفادہ کے لئے انہیں ایک بنیاد حاصل ہو جائے۔ اول الذکر کورس کی طرح یہ کورس بھی بہت مقبول ہوا۔ اس کے طلبہ اور طالبات کی تعداد 1761 تک پہنچ چکی ہے۔ یہ کورس بھی بیرون پاکستان سعودی عرب' ابو ظہی' دوبئ' شارجہ' انگلینڈ' فرانس' کینیڈا اور امریکہ میں جاری ہو چکا ہے۔

اس کورس کے حصّہ دوم کا آغاز بھی اکتوبر 1992ء میں کر دیا گیا تھا جس میں طلبہ کی تعداد 212 ہے۔ جبکہ حصّہ سوم کا آغاز مارچ 1997ء میں ہوا' اس میں طلبہ کی تعداد 81 تک پہنچ چکی ہے۔

## 2۔ ترجمہ قرآن کریم کورس

1996ء میں شعبہ خط و کتابت کورسز میں ایک نئے کورس بعنوان "ترجمہ قرآن کریم" کورس کا اجراء کیا گیا۔ یہ کورس خاص طور پر Youngsters کے لئے جاری کیا گیا ہے' یعنی سکول اور کالج کے طلبہ و طالبات جو اردو میں لکھ پڑھ سکتے ہوں۔

آج کل کے مادی دور میں زندگی کا مقصد حصول دنیا ہی بنا لیا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تمام

© rasailojaraid
© rasailojaraid.c
© rasailojaraid.c

بھاگ دوڑ صرف دنیاوی تعلیم کے حصول کے لئے ہوتی ہے اور یوں نئی نسل اکثر و بیشتر قرآن و سنّت اور دینی تعلیمات سے بے بہرہ رہ جاتی ہے۔

نوجوان بچوں اور بچیوں کو ترجمہ قرآن سکھانے کے لئے ایک طریقہ وضع کیا گیا ہے۔ ایسے بچے اور بچیاں اپنے گھر میں مناسب اور فارغ (convenient) وقت میں چند منٹ صرف کر کے قرآن کریم کا ترجمہ سیکھ سکتے ہیں اور تقریباً ڈیڑھ سال کے عرصہ میں اسے مکمل کر کے کم از کم قرآنی تعلیمات اور احکامات سے آگہی حاصل کر سکتے ہیں۔ کورس کے اختتام پر کامیاب طلبہ و طالبات کو سند جاری کی جاتی ہے۔ کورس کی فیس بہت کم یعنی صرف 100 روپے رکھی گئی ہے۔ کورس کا اجراء فروری 1996ء میں کیا گیا۔ اب تک اس کورس میں 529 طلبہ اور طالبات داخلہ لے چکے ہیں اور 20 طلبہ و طالبات کورس مکمل کر کے سند حاصل کر چکے ہیں۔

© rasailojaraid.com

## 3۔ کورسز کو متعارف کرانے کیلئے اقدام

ناظم شعبہ خط و کتابت کورسز بڑی جانفشانی اور محنت سے ان کورسز کو چلا رہے ہیں۔ دوران سال انہوں نے ان کورسز کو متعارف کرانے کے لئے بہت سے گرانقدر اقدامات کئے جن کی تفاصیل کا یہاں موقع نہیں ہے۔ ان کی ان کاوشوں کے نتیجہ میں ان کورسز کے شرکاء کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ ہوا۔

## 4۔ دوران سال داخلہ لینے اور کورسز مکمل کرنے والوں کی تعداد

(جولائی 98 تا

جون 99ء)

1) **قرآن حکیم کی فکری و عملی راہنمائی کورس :**

| | |
|---|---|
| ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 138 |
| ب) کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 35 |

© rasailojaraid.com

2) **عربی گرامر کورس (حصّہ اول) :**

| | |
|---|---|
| ا) داخلہ لینے والوں کی تعداد | 110 |
| ب) کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 24 |

3) **عربی گرامر کورس (حصّہ دوم) :**

| | |
|---|---|
| ا) داخلہ لینے والوں کی تعداد | 20 |
| ب) کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 19 |

4) **عربی گرامر کورس (حصّہ سوم) :**

| | |
|---|---|
| ا) داخلہ لینے والوں کی تعداد | 22 |
| ب) کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 12 |

© rasailojaraid.c

6) **ترجمہ قرآن کریم کورس :**

| | |
|---|---|
| ا) داخلہ لینے والوں کی تعداد | 110 |
| ب) کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 20 |

# شعبہ سمع وبصر

## معمول کی سرگرمیاں

گزشتہ سال کے دوران مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن کو ڈیمانڈ کے مطابق آڈیو اور وڈیو کیسٹس فراہم کیے گئے اور محترم صدر مؤسس کے خطبات جمعہ اور دیگر دروس و خطبات آڈیو اور وڈیو پر ریکارڈ کیے گئے۔

## خصوصی سرگرمیاں

(1) **نئی فہرست کی تیاری :** محترم صدر مؤسس کے دروس، خطبات و تقاریر پر مشتمل آڈیو کیسٹس، وڈیو کیسٹس کی نئی فہرست تیار کی گئی ہے، اس میں CDs اور کتب کی فہرست بھی شامل ہے۔

© rasailojaraid.c

(2) کمپیوٹر CDs کی تیاری : گزشتہ سال کے دوران اس شعبہ کے تحت دو عدد CDs تیار کی گئی تھیں جن میں پہلی بیان القرآن اور دوسری الہدیٰ کے نام سے تھی۔ اوّل الذکر CD کو بہت قبول عام حاصل ہوا اور CD بنانے والی کچھ کمپنیوں نے اپنے طور پر ان CDs کو Copy کر کے فروخت کرنا شروع کر دیا۔ اس طرح اب ہر کمپیوٹر CDs کی دکان پر بیان القرآن CD موجود ہے۔ اور لاتعداد کاپیاں اس کی فروخت ہو چکی ہیں۔ یہ CD اپنی نوعیت کی واحد CD ہے۔

امسال دو CDs اور تیار کی گئیں۔ اس طرح شعبہ سمع و بصر کے تحت تیار ہونے والی CDs کی تعداد اب چار ہو گئی ہے۔ اس سال تیار کی جانے والی CDs کے نام یہ ہیں۔ (i) اسلام اور خواتین (ii) Basic themes of Al-Quran۔ (قرآن کریم کے بنیادی افکار)۔ اسلام اور خواتین CD میں محترم صدر مؤسس کی وہ تمام تقاریر جمع کر دی گئی ہیں جو کہ خواتین اور ہماری سماجی زندگی سے متعلق ہیں۔ جبکہ "قرآن کریم کے بنیادی افکار" میں محترم صدر مؤسس کے انگریزی میں ریکارڈ کردہ بیس گھنٹوں پر مشتمل لیکچرز کے سلسلے کو جمع کیا گیا ہے' جن میں درج ذیل عنوانات پر بیس گھنٹے کی مفصل تقاریر موجود ہیں :

(i) Imaan (ii) Shirk (iii) Jehad (iv) Nifaaq and (v) Khilafat

مزید برآں ابھی دو CDs پر کام جاری ہے جو کہ ان شاء اللہ رواں سال کے دوران مکمل ہو جائیں گی' ایک تلاوتِ قرآن CD اور دوسری منتخب نصاب (انگریزی) CD۔

(3) صدر مؤسس کے خطباتِ جمعہ بذریعہ انٹرنیٹ : بحمد اللہ اس سال کے دوران بھی محترم صدر مؤسس کے دروس و تقاریر کو انٹرنیٹ پر نشر کیا گیا۔ ہماری Web Site بحمد اللہ اب عالمِ اسلام کی سب سے بڑی انٹرنیٹ Sites میں شمار کی جاتی ہے۔ دورۂ ترجمہ قرآن اور منتخب نصاب بھی اس Web Site سے نشر کیا جا رہا ہے۔ ہزاروں لوگ اس Site کو visit کرتے ہیں۔ اور بحمدِ اللہ visitors کا شمار روز بروز بڑھتا جا رہا ہے۔ ہمیں لاتعداد لوگوں کے تہنیتی E-mail وصول ہوتے ہیں جن کو یہاں

© rasailojaraid.c
© rasailojaraid.c

تحریر کرنا ناممکن ہے۔

(4) **خطاب جمعہ و دیگر تقاریر کے فوراً بعد آڈیو کیسٹس کی فراہمی :** بحمد اللہ محترم صدر مؤسس کے خطبات جمعہ اور دیگر تقاریر کے فوراً بعد ان کی کیسٹس اسی جگہ اور اسی وقت فروخت کے لئے مہیا کی جاتی ہیں تاکہ لوگ ان تقاریر کو فوراً حاصل کر سکیں۔ اس کے لئے شعبہ اپنا ریکارڈنگ سسٹم ساتھ لے کر جاتا ہے۔ اور تقریر کے فوراً بعد کسیٹس کی کاپیاں تیار کرلی جاتی ہیں اور فروخت کے لئے دستیاب ہوتی ہیں۔

5) **فرمانِ نبوی ﷺ :** الحمدللہ ہمارے ریکارڈ کردہ پروگرام فرمان نبوی ﷺ کے نام سے اب پاکستان ٹیلی ویژن پر نشر ہو رہے ہیں۔ اس سلسلے کے اب تک دس پروگرام نشر ہو چکے ہیں۔ یہ تمام پروگرام شعبہ سمع و بصر تیار کر رہا ہے۔ ان پروگراموں کی ریکارڈنگ سے لے کر ایڈیٹنگ اور پھر ماسٹر کاپی کی تیاری تک تمام کام شعبہ سمع و بصر سرانجام دیتا ہے۔ پاکستان ٹیلی ویژن کو تیار شدہ پروگرام فراہم کیا جاتا ہے جس کو وہ نشر کر دیتے ہیں۔ ان پروگراموں میں انجمن خدام القرآن کے مدرسین و تنظیم اسلامی کے رفقاء درس دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ آئندہ رمضان المبارک میں تقریباً 20-15 منٹ کے ایک پروگرام کے لئے کوششیں جاری ہیں جس میں قرآن حکیم کے ایک پارے کا خلاصہ پیش کیا جاسکے۔

© rasailojaraid

# قرآن کالج

## 1۔ نئے داخلے

1) کالج میں ایف اے اور آئی سی ایس کے داخلے اگست 98ء میں ہوئے۔ اس سال پہلی مرتبہ آئی سی ایس کی کلاس کا آغاز ہوا۔ ان کلاسوں میں کل 53 طلبہ نے داخلہ لیا۔ آئی سی ایس میں 28، ایف اے میں 15 اور آئی کام میں 10 طلبہ داخل ہوئے۔

2) بی اے سالِ اوّل کے داخلے نومبر کے پہلے ہفتے میں تکمیل کو پہنچے۔ اس مرتبہ داخل ہونے والے طلبہ کی کل تعداد 06 تھی۔

© rasailojaraid

3) ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس کے داخلے ستمبر کے پہلے ہفتے میں اپنی تکمیل کو پہنچے۔ اس کورس میں شرکاء کی کل تعداد 31 تھی' جن میں 18 مرد اور 13 خواتین شامل تھیں۔

## 2۔ اسلامک جنرل نالج ورکشاپ

حسب سابق اس سال بھی میٹرک اور انٹر کے امتحانات سے فارغ طلبہ کے لئے دینی معلوماتی "اسلامک جنرل نالج ورکشاپ" کا اہتمام کیا گیا۔ اس ورکشاپ کا دورانیہ 17 مئی سے 12 جون تک تھا۔ اس میں شریک ہونے والے طلبہ کی کل تعداد 19 تھی۔ اس ورکشاپ کے امتحان میں کامیاب ہونے والے اور اچھی کارکردگی دکھانے والے طلبہ کو ورکشاپ کی اختتامی تقریب میں اسناد اور نقد انعامات دیئے گئے۔ اس تقریب کی صدارت مرکزی انجمن کے صدر محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے کی۔

© rasailojaraid

## 3۔ ماہانہ و دیگر امتحانات

کالج میں ہر کلاس کے ماہانہ امتحانات شیڈول کے مطابق منعقد کئے گئے۔ ششماہی امتحان جنوری 99ء میں منعقد ہوا۔

## 4۔ بورڈ اور یونیورسٹی کے امتحانات

1) پنجاب یونیورسٹی کے زیر اہتمام بی۔ اے کے امتحانات اپریل میں منعقد ہوئے۔ کالج کی طرف سے 6 طلبہ امتحان میں شریک ہوئے۔ ان میں سے 3 پاس اور 3 فیل ہوئے۔ پاس ہونے والوں نے بالترتیب 426' 422 اور 419 نمبر حاصل کئے۔ پنجاب یونیورسٹی کے امتحان میں فیل ہونے والوں میں سے ایک طالب علم نے بہاؤ الدین زکریا یونیورسٹی ملتان سے بھی امتحان دیا اور وہاں وہ کامیاب قرار پائے۔ اس طرح بی۔ اے کے امتحان میں کامیاب طلبہ کا تناسب 66 فی صد رہا۔

2) گزشتہ سال لاہور بورڈ کے امتحان منعقدہ مئی 98ء میں کالج کی طرف سے ایف۔ اے سالِ اوّل کے 21' آئی کام سالِ اوّل کے 17 اور سالِ دوم کے 11 طلبہ نے

© rasailojaraid

شرکت کی۔ اس طرح امتحان دینے والے طلبہ کی کل تعداد 49 تھی۔ ان میں سے 22 طلبہ پاس ہوئے اور مجموعی طور پر تقریباً 45 فی صد رزلٹ رہا۔ ان میں سے ایک طالب علم نے سب سے زیادہ 655 نمبر حاصل کیے۔

3) اس سال لاہور بورڈ کے امتحان منعقدہ مئی 1999ء میں کالج کی طرف سے کل 70 طلبہ نے امتحان میں شرکت کی۔ جن میں سے 21 آئی سی ایس' 11 ایف اے پارٹ I' 5 آئی کام پارٹ I' 19 ایف اے پارٹ II اور 14 آئی کام پارٹ II کے طلبہ شامل تھے۔

## 5۔ ہم نصابی سرگرمیاں

### i) ہفتہ وار درس قرآن کا انعقاد:

سال کے دوران مختلف موضوعات پر ہفتہ وار درس قرآن کریم باقاعدہ منعقد ہوتا رہا۔ تفہیم القرآن کے اس پروگرام میں جملہ اساتذہ کرام اور طلبہ کی شرکت لازمی ہوتی ہے۔ اس پروگرام کے لئے قرآن کالج کے اساتذہ کے علاوہ بیرونی مدرسین کی خدمات بھی گاہے بگاہے حاصل کی جاتی ہیں۔

### ii) ٹیوٹوریل گروپس :

ہر سال کالج میں ٹیوٹوریل گروپس ترتیب دیئے جاتے ہیں۔ ان میں شامل طلبہ تین دن تک کی رخصت اور اپنی مشکلات کے حل کے لئے متعلقہ ٹیوٹر سے رجوع کرتے ہیں۔ ان گروپس کی ہر ہفتہ منگل کے دن چوتھے پیریڈ میں باقاعدگی سے میٹنگ ہوتی ہے۔

### ii) بزم ادب :

سال کے دوران مندرجہ ذیل موضوعات پر انعامی مقابلہ جات منعقد ہوئے اور پوزیشنیں حاصل کرنے والے انعام کے مستحق قرار دیئے گئے۔

1) حسن قراءت 2) نعت خوانی 3) اُردو مباحثہ 4) انگلش مباحثہ 5) قرآن کوئیز 6) سیرت کوئیز

### iv) سالانہ تقسیم انعامات کی تقریب:

19/ اپریل 99ء کو قرآن آڈیٹوریم میں تقسیم انعامات کے سلسلہ میں ایک پُروقار تقریب منعقد کی گئی۔ اس تقریب میں تقریری و تحریری مقابلوں' سپورٹس اور تعلیمی میدان

© rasailojaraid

میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کو اسناد، کپ اور دیگر انعامات سے نوازا گیا۔ تقریب کی صدارت مرکزی انجمن کے صدر مؤسس ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے کی۔

### v) سالانہ کھیلوں کے مقابلے :

اس سال کالج میں سالانہ کھیلوں کے مقابلوں کا بھی اہتمام کیا گیا۔ کھیلوں کے تمام مقابلے پنجاب یونیورسٹی سپورٹس گراؤنڈ میں منعقد کئے گئے۔ سالانہ کھیل 10 نومبر سے 20 نومبر 1998ء تک منعقد کئے گئے۔ ان مقابلوں میں درج ذیل کھیل شامل کئے گئے :

1) کرکٹ 2) ہاکی 3) فٹ بال 4) بیڈمنٹن
5) ٹیبل ٹینس 6) کیرم بورڈ 7) والی بال 8) اتھلیٹکس

## 6۔ رجسٹریشن و لاہور بورڈ سے الحاق

محکمہ تعلیم پنجاب سے کالج کی رجسٹریشن کئی سال قبل ہو گئی تھی۔ اس سال لاہور بورڈ سے ایف اے اور آئی سی ایس کے لئے، کالج کا الحاق (Affiliation) بھی کرا لیا گیا ہے جبکہ الحاق کی تجدید کے لئے بھی ضروری کارروائی مکمل کر لی گئی ہے اور بورڈ کی طرف سے اس کی منظوری کسی بھی وقت متوقع ہے۔ بورڈ کے چیئرمین اور سیکرٹری 13 ستمبر کو کالج کا معائنہ کر گئے ہیں۔ انہوں نے کالج کی انتہائی تسلی بخش رپورٹ تحریر کی ہے۔

آئی سی ایس سالِ دوم کی کلاس کے الحاق کے لئے کارروائی جاری ہے اور ان شاء اللہ آئی سی ایس سالِ دوم کے طلبہ 2000ء کے بورڈ کے امتحان میں ریگولر طلبہ کے طور پر شریک ہوں گے۔

## 7۔ پنجاب یونیورسٹی سے الحاق

پنجاب یونیورسٹی سے بھی کالج کے الحاق کی کارروائی جاری ہے۔ ان شاء اللہ اگلے سال مارچ 2000ء کے بعد کالج کا پنجاب یونیورسٹی سے الحاق ہو جائے گا۔

## 8۔ لائبریری

کالج لائبریری میں اِس وقت کل 1803 کتب ہیں۔ اس سال کے دوران تقریباً 360 کتابوں کا اضافہ ہوا۔ ان میں سے 327 کتابیں بطور عطیہ وصول ہوئیں اور 123 کتابیں بازار

© rasailojaraid

سے خریدی گئیں۔

# کالج ہاسٹل

قرآن کالج کا ہاسٹل ایک مثالی ہاسٹل ہے جس میں رہائش کی عمدہ سہولتیں مہیا کی گئی ہیں۔ یہاں پر تعلیمی سرگرمیوں اور کھیلوں پر بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ قرآن کالج کے ہاسٹل ہونے کے ناطے یہاں پر طلبہ کی اخلاقی' دینی' ذہنی تربیت اور نشوونما کی طرف توجہ دی جاتی ہے۔ یہاں پر طلبہ چونکہ ملک کے مختلف علاقوں سے آتے ہیں اس لئے کئی زبانوں اور ثقافتوں کی ترجمانی ہوتی ہے۔ ہاسٹل میں تقریباً 70 طلبہ کی رہائش کا بندوبست ہے۔ ہنگامی حالت میں حسب ضرورت اس گنجائش میں توسیع بھی کی جاسکتی ہے۔ اس کے علاوہ ہاسٹل سے ملحقہ کوارٹرز میں وارڈن اور نائب وارڈن کی رہائش کا بندوبست کیا گیا ہے تاکہ طلبہ کی ہمہ وقت نگرانی اور دیکھ بھال کی جاسکے۔ ہاسٹل کے کمروں میں دیا جانے والا ساز و سامان معیار کے اعتبار سے دیگر ہاسٹلز سے کسی طرح بھی کم نہیں ہے اور یہ ہاسٹل جدید سہولیات سے آراستہ ہے۔ طلبہ کے لئے پنج وقتہ نماز کا باجماعت التزام ' تلاوت کے اوقات کی پابندی' تذکیری اجتماعات' ایام بیض کے نفلی روزوں کا اہتمام اور دروس قرآن کے اجتماعات جیسے معمولات تربیتی پروگرام کے اہم اجزاء ہیں۔ ایوننگ گیمز میں کرکٹ' فٹ بال' ٹیبل ٹینس' کیرم وغیرہ کے لئے وقت دیا جاتا ہے۔ نماز مغرب کے بعد سے نماز عشاء تک کا وقت کالج میں لازمی سٹڈی ہوم ورک کے لئے مختص ہے۔

امسال ہاسٹل میں مانیٹر سسٹم رائج کیا گیا ہے تاکہ طلبہ اپنے معاملات خود چلانے کی عادت ڈالیں۔ اس کے لئے مندرجہ ذیل مانیٹر مقرر کئے گئے ہیں۔

1) ناظمِ صلوٰۃ 2) ناظمِ طعام 3) ناظمِ ڈسپلن

اس سال 99ء کے ماہ رمضان میں امیر محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے دورۂ ترجمہ قرآن' قرآن اکیڈمی کی مسجد میں کروایا جس کے لئے تمام طلبہ کا قرآن اکیڈمی کی مسجد میں جانا لازمی قرار دے دیا گیا۔ طلبہ کی حاضری تقریباً 95 فیصد رہی۔

© rasailojaraid.

# جامع القرآن اور شعبہ حفظ قرآن و ناظرہ

قرآن اکیڈمی کی جامع مسجد جامع القرآن میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے گزشتہ پندرہ برسوں سے ماہِ رمضان المبارک کے دوران نماز تراویح کے ساتھ دورۂ ترجمہ قرآن کا پروگرام باقاعدگی سے ہوتا ہے۔ اس سال اس ذمہ داری کو صدر مؤسس مرکزی انجمن جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے ایک نئے انداز اور نہایت عمدگی کے ساتھ ادا کیا۔ اس پروگرام کو لوگوں نے بہت پسند کیا۔

جامع القرآن میں نماز فجر کے بعد ہفتہ میں چار دن درس قرآن کا معمول جاری رہا۔ جامع القرآن ہی میں قائم اکیڈمی کے شعبہ حفظ کی کارکردگی حسب معمول امسال بھی بہت عمدہ رہی۔ الحمدللہ اس سال 21 بچوں نے حفظ کی تکمیل کی۔ دوران سال سب سے کم عرصے میں حفظ کرنے والے طالب علم محمد یاسر تاج ولد تاج دین تھے' جنہوں نے 9 ماہ اور 20 یوم میں حفظ کی تکمیل کی۔ دوسرے نمبر پر تیمور بخاری ولد بابر بخاری تھے جنہوں نے تکمیل 1 سال 4 ماہ میں کی۔ تکمیل حفظ قرآن کی اوسط مدت قریباً 2 سال رہی۔ اس سال قریباً 62 لڑکوں کو داخلہ دیا گیا۔ دوران سال شعبہ حفظ میں بچوں کی تعداد زیادہ سے زیادہ 69 اور کم سے کم 52 رہی۔ ہاسٹل میں مقیم لڑکوں کی تعداد 14 تا 20 رہی۔ شعبہ حفظ القرآن کے علاوہ جامع القرآن میں عصر تا مغرب ناظرہ کلاس بھی ہوتی ہے۔ درجہ ناظرہ کے طلبہ و طالبات کی تعداد 10 تا 17 رہی۔ شعبہ حفظ کی کلاس میں اس وقت موجودہ تعداد 60 ہے۔ اس وقت ہاسٹل میں مقیم لڑکوں کی تعداد 15 ہے۔

# ایڈمن

مرکزی انجمن کے شعبہ ایڈمن نے گزشتہ سال کے دوران ڈاک' ریکارڈ کیپنگ' ماہوار تنخواہوں کی تیاری' قرآن اکیڈمی میس' ہاسٹل اور سٹاف کی نگرانی جیسی معمول کی ذمہ داریوں کو عمدگی کے ساتھ ادا کیا۔ مرکزی انجمن کے جو معاملات سرکاری دفاتر سے متعلق ہیں انہیں بہتر طور پر اٹینڈ کیا گیا۔ اس کے علاوہ قرآن آڈیٹوریم میں منعقد ہونے والے مختلف

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

پروگراموں میں ایڈمن نے اہم کردار ادا کیا۔

## اکاؤنٹس اور کیش سیکشن

شعبہ اکاؤنٹس اور کیش نے ہمیشہ کی طرح اپنے مختصر عملہ کے باوجود اکاؤنٹس کی تیاری کی ذمہ داری بطریق احسن ادا کی۔ دورانِ سال ماہانہ اور سالانہ اکاؤنٹس بروقت تیار کئے گئے اور کیش جمع کرانے اور نکلوانے کے ساتھ ساتھ دیگر معاملات میں بینک کے ساتھ عمدگی سے رابطہ رکھا گیا۔

مرکزی انجمن کے شعبہ اکاؤنٹس نے سال 99-1998ء کے فائنل اکاؤنٹس بروقت تیار کرکے آڈٹ کے لئے خارجی محاسب رحمٰن سرفراز اینڈ کمپنی کو پیش کردیئے، جنہوں نے بہت قلیل مدت میں ہمارے فائنل اکاؤنٹس کو آڈٹ کرکے آڈٹ رپورٹ مہیا کردی۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ خارجی محاسب کے طور پر رحمٰن سرفراز اینڈ کمپنی کی خدمات مرکزی انجمن کو اعزازی طور پر حاصل ہیں، جس کے لئے انجمن ان کی بے حد شکرگزار ہے۔

اسی طرح مرکزی انجمن کے داخلی محاسب جناب ڈاکٹر عارف رشید صاحب نے بھی سال بھر میں اپنی اعزازی خدمات کو بڑی باقاعدگی اور عمدگی سے ادا فرمایا۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں محاسب حضرات کو بہترین اجر عطا کرے۔

## سالانہ خریدار متوجہ ہوں

ماہنامہ ”حکمت قرآن“ کے سالانہ خریداروں سے گزارش ہے کہ ان کے پتوں کی تبدیلی سے متعلق اطلاعات مہینہ کی 20 تاریخ تک پہنچ جانی چاہئیں۔ 20 تاریخ کے بعد موصول ہونے والی اطلاعات پر عمل درآمد اگلے ماہ کے شمارے سے ہی ممکن ہو سکے گا۔ شکریہ

مدیر مکتبہ

© rasailojaraid.com

# بیلنس شیٹ برائے سال 99-1998

## Balance Sheet as on 30-06-99

| Liabilities | | Assets | |
|---|---|---|---|
| 3024000.00 | فکسڈ فنڈ 'موسسین 'محسنین اور مستقل اراکین کی یکمشت ادائیگی | 26249381.73 | مستقل اثاثہ جات و سرمایہ کاری |
| | | 1885848.00 | مکتبہ مرکزی انجمن |
| | | 3492.00 | اسٹاک و سٹورز |
| 15719753.98 | بلڈنگ فنڈ | 237958.52 | پیشگی رقوم و دیگر واجب الوصول رقم |
| 42145.00 | تعلیمی قرضہ فنڈ | 30930.00 | تعلیمی قرضہ برائے طلبہ |
| 8618.00 | دیگر فنڈ | | |
| 59150.00 | سیکورٹی ڈیپازٹ | 4784.50 | بینک میں موجودہ رقم |
| 36777.00 | قابل ادائیگی اخراجات | 483.00 | امپریسٹ فنڈ |
| 9522433.77 | میزان کل آمدنی منہا اخراجات 30/جون 1999ء | | |
| 28412877.75 | | 28412877.75 | |

© rasailojaraid.com

# Income and Expenditure

## A/C for the year ended 30-06-99

| رقم | اخراجات | رقم | آمدن |
|---|---|---|---|
| 703835.52 | قرآن کالج (اخراجات منہا آمدن) | 1180181.00 | ماہانہ اعانت |
| 149129.00 | ہاسٹل قرآن کالج (اخراجات منہا آمدن) | 4085171.17 | خصوصی دیگر اعانت |
| 357442.35 | مکتبہ انجمن (اخراجات منہا آمدن) | 338838.00 | خط و کتابت و دیگر کورسز کی فیس |
| 15788.50 | محاضرات قرآنی | | |
| 18369.00 | نقد امداد | 174039.75 | دیگر آمدنی |
| 25907.00 | دعوت و تبلیغ پبلسٹی | | |
| 215292.00 | مسجد | | |
| 164489.00 | قرآن اکیڈمی ہاسٹل و میس | | |
| 865426.00 | اسٹاف تنخواہ | | |
| 350329.00 | ٹیلی فون، فیکس، بجلی، پانی و گیس بل | | |
| 120947.00 | آڈیٹوریم | | |
| 30883.00 | اولڈ ایج بینیفٹ انسٹی ٹیوشن | | |
| 275251.00 | مرمت اور مینٹیننس | | |
| 147443.50 | خط و کتابت و دیگر کورسز | | |
| 407486.00 | دیگر اخراجات | | |
| 1930212.05 | آمدنی منہا اخراجات | | |
| 5778229.92 | | 5778229.92 | |

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

# منسلک انجمنوں کی کارکردگی کا مختصر جائزہ

## انجمن خُدّام القرآن سندھ، کراچی

انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی نے مئی 99ء میں اپنے قیام کے تیرہ برس مکمل کر لئے۔ اس عرصہ میں رب کریم کے فضل و کرم سے قرآن اکیڈمی کراچی قائم ہوئی۔ قرآن اکیڈمی میں ایک سالہ قرآن فہمی کورس، مدرسۃ البنات، مدرسۃ البنین، دورۂ ترجمہ قرآن، دروسِ قرآن اور تربیت گاہوں کے باقاعدہ سلسلے قائم ہو گئے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں عربی گرامر کلاسز اور دروس قرآن کے حلقے قائم ہوئے، شعبۂ سمع و بصر نہ صرف قائم ہوا بلکہ اس کی کارکردگی روز بروز ترقی پذیر ہے اور دورۂ ترجمہ قرآن کی کمپیوٹر CD اور عربی گرامر کلاسز کے وڈیوز کی تیاری اس شعبہ کی گراں قدر خدمات ہیں۔ نگران انجمن محترم جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی متعدد کتب کے سندھی تراجم شائع کئے گئے۔ کئی حضرات و خواتین نے انجمن کے تحت ہونے والے کورسز سے استفادہ کیا اور ان میں سے بہت سے اب تعلیمات قرآنی کو عام کرنے کے مشن میں لگے ہوئے ہیں۔ کورنگی کے علاقہ میں قرآن مرکز کورنگی کے نام سے ذیلی مرکز کا قیام عمل میں آیا۔

بلاشبہ مندرجہ بالا خدمات قرآنی اللہ سبحانہ تعالیٰ کے فضل و کرم کا مظہر اور اسی کی توفیق سے اراکین انجمن کی کاوشوں کا نتیجہ ہیں۔ اللہ ہم سب کی ان حقیر کاوشوں کو قبول فرمائے۔

ذیل میں سال 98ء تا 99ء کی قابل ذکر سرگرمیوں کا ایک اجمالی نقشہ پیش کیا جا رہا ہے۔

### دورۂ ترجمہ قرآن

بفضلہٖ تعالیٰ انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کے تحت رمضان المبارک کی راتوں میں صلوٰۃ التراویح کے ساتھ دورۂ ترجمہ قرآن کا سلسلہ 1991ء سے باقاعدگی کے ساتھ جاری ہے۔ اس سال انجمن نے حسب ذیل دو مقامات پر خصوصی پروگراموں کا انعقاد کیا۔

(1) مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی، ڈیفنس فیز VI، کراچی

© rasailojaraid

2) میٹ ءَ ٹریٹ شادی ہال ' گلشن اقبال 3 ' کراچی

مسجد جامع القرآن ' قرآن اکیڈمی کراچی میں دورۂ ترجمہ قرآن کرنے کی سعادت جناب اعجاز لطیف صاحب نے حاصل کی۔ شرکاء کی تعداد اوسطاً 100 حضرات اور 20 خواتین رہی۔ رمضان المبارک کے آخری عشرے میں 112 معتکفین کی آمد سے یہ تعداد دوگنا ہو گئی۔ دورۂ ترجمہ قرآن کا اختتام 29 ویں شب میں ہوا۔ میٹ ءَ ٹریٹ شادی ہال میں دورۂ ترجمہ قرآن کا اعزاز انجینئر نوید احمد صاحب کو حاصل ہوا۔ شرکاء کی تعداد 125 مرد اور 25 خواتین رہی۔ 28 ویں شب میں ترجمہ قرآن کی تکمیل ہوئی۔ ختم القرآن کی محافل سے محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے خطاب فرمایا۔ اس کے علاوہ شہر میں دیگر 5 مقامات پر ترجمہ قرآن کی تکمیل ہوئی اور 4 مقامات پر جزوی طور پر ترجمۂ قرآن حکیم سنایا گیا۔

© rasailojaraid.com

## ایک سالہ قرآن فہمی کورس

انجمن خدام القرآن سندھ ' کراچی کے تحت چوتھا ایک سالہ قرآن فہمی کورس دسمبر 98ء میں پایۂ تکمیل کو پہنچا۔ اس سال کورس کی تکمیل 7 حضرات اور 4 خواتین نے کی۔ رمضان المبارک کی 28 ویں شب جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے کورس کی تکمیل کرنے والوں میں اسناد تقسیم فرمائیں۔ پانچویں ایک سالہ قرآن فہمی کورس کا آغاز 8 فروری 99ء سے ہوا۔ اس کورس میں 20 مرد اور 45 خواتین شریک ہیں۔ اس سال کورس کی خاص بات یہ ہے کہ خواتین کے لئے ایک سالہ کورس کا بالکل علیحدہ انتظام ہے اور خواتین کے لئے تدریس کے فرائض بھی خواتین ہی ادا کر رہی ہیں۔

## موسمِ گرما کے کورسز

حسب سابق اس سال بھی موسم گرما کی تعطیلات میں طلبہ و طالبات کے لئے علیحدہ علیحدہ دینی معلوماتی و تربیتی کورسز کا انعقاد کیا گیا۔ 20 طلبہ اور 15 طالبات نے ان کورسز میں شرکت کی۔ شرکاء کو آسان درس عربی ' نماز اور اس کے مسائل ' سیرت النبی ﷺ ' آداب زندگی اور قرآن حکیم کے حوالے سے اہم امور کی تعلیم دی گئی۔

© rasailojaraid.com

## مدرسۃ البنات

انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی نے قرآن اکیڈمی میں اگست 96ء میں مدرسہ البنات کا آغاز کیا۔ مدرسہ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو خصوصی تائید و نصرت حاصل ہوئی اس کا مظہر یہ ہے کہ اکتوبر 97ء میں طلبہ و طالبات کی تعداد 86 تھی جبکہ روز بروز اضافہ کے نتیجے میں جون 99ء میں یہ تعداد بڑھ کر 165 ہو گئی۔ الحمد للہ مدرسہ کے آغاز سے اب تک عربی گرامر کا کورس مکمل کرنے والی خواتین کی تعداد 54 ہے۔ اس مدرسہ میں طلبہ و طالبات مندرجہ ذیل کلاسز سے استفادہ کر رہے ہیں:

(1) ایک سالہ قرآن فہمی کورس (2) قواعد تجوید (3) عربی گرامر (4) ترجمہ قرآن حکیم (قواعد کے اطلاق کے ساتھ) (5) تفسیر قرآن (6) مطالعہ قرآن حکیم کا منتخب نصاب (7) مطالعہ حدیث (8) سیرتِ نبویؐ (9) ماہانہ درس قرآن (10) اہم دینی موضوعات سے متعلق لٹریچر (11) موسم گرما کی تعطیلات میں فہم دین کی کلاسز

© rasailojaraid.c

## ہفتہ وار درس قرآن

مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی میں اردو زبان میں درس قرآن حکیم کی ہفتہ وار محفل بروز بدھ بعد نماز عشاء 1995ء سے منعقد ہو رہی ہے۔ اس محفل میں شرکاء کی اوسط حاضری 30 تا 40 رہتی ہے۔ مدرس کے فرائض ڈائریکٹر قرآن اکیڈمی انجینئر نوید احمد صاحب ادا کرتے ہیں۔ انگریزی زبان میں ہفتہ وار ترجمہ قرآن کی محفل کا آغاز فروری 98ء سے کیا گیا۔ انجمن کے نائب صدر محترم نجم الحسن سید صاحب مدرس کی ذمہ داری انجام دیتے ہیں۔ ملٹی میڈیا پروجیکٹر کے استعمال سے اس پروگرام کی افادیت بہت بڑھ جاتی ہے۔ یہ محفل بروز پیر بعد نماز مغرب منعقد ہوتی ہے۔ شرکاء میں تقریباً 40 مرد اور 15 خواتین شامل ہوتی ہیں۔

## عربی گرامر کورس برائے قرآن فہمی

گزشتہ سال انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کے تحت شہر کراچی کے 8 مقامات پر عربی گرامر کلاسز کا انعقاد ہوا جس میں عربی گرامر کے قواعد کی تدریس اکتوبر 98ء میں مکمل ہوئی۔ مجموعی طور پر 20 حضرات اور 8 خواتین نے عربی گرامر کورسز کی تکمیل کی۔ اس سال

© rasailojaraid.

7 مقامات پر عربی گرامر کلاسز کا انعقاد ہوا' جن میں سے مجموعی طور پر 50 کے قریب حضرات و خواتین استفادہ کر رہے ہیں۔ حوصلہ افزا بات یہ ہے کہ مدرسین کے فرائض ایسے حضرات و خواتین ادا کر رہے ہیں جنھوں نے قرآن اکیڈمی کراچی سے ایک سالہ کورس کی تکمیل کی ہے۔

## شعبہ سمع و بصر

انجمن خدام القرآن سندھ' کراچی کو مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے بعد یہ اعزاز حاصل ہوا کہ اس کے تحت شعبہ سمع و بصر کا قیام عمل میں آیا۔ یہ شعبہ نومبر93ء سے کام کر رہا ہے اور ہر سال اس کی کارکردگی میں نمایاں اضافہ ہو رہا ہے۔ عرصہ زیر رپورٹ کے دوران اس شعبہ کی کارکردگی کے حوالے سے قابل ذکر امور حسب ذیل ہیں :

i) شعبہ میں 30 جون 99ء کو ماسٹر کیسٹس کی تعداد حسب ذیل تھی :

آڈیو کیسٹس : 5,078 ' ویڈیو کیسٹس : 778

ii) دوران سال اس شعبہ میں 17,757 آڈیو اور 1,636 ویڈیو کیسٹس ریکارڈ کیے گئے۔

iii) گزشتہ سال دورۂ ترجمہ قرآن کی جو کمپیوٹر سی ڈی تیار کی گئی تھی اس کو مزید بہتر کیا گیا۔ اس سی ڈی میں نگران انجمن کا تعارف شامل کیا گیا اور اسے AUTO-RUN کر دیا گیا یعنی کمپیوٹر میں INSTALL کرتے ہی ترجمہ قرآن کی سماعت کے لئے INDEX مونیٹر پر DISPLAY ہو جاتا ہے۔

## مکتبہ

قرآن اکیڈمی میں قائم مکتبہ کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے ایک سیلزمین کا اضافہ کیا گیا اور اوقات کار میں تبدیلی لائی گئی۔ اب مکتبہ صبح 9 بجے سے رات 8 بجے تک کھلا رہتا ہے تاکہ دفتری اوقات کے بعد بھی مکتبہ سے استفادہ کیا جا سکے۔ نگران انجمن محترم جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی کتب اور ان کے خطابات و دروس قرآن کی آڈیو' ویڈیو کیسٹس کی مناسب تعداد مکتبہ پر دستیاب رہتی ہے تاکہ ہمارے معزز کرم فرماؤں کو ان کے حصول میں دقت نہ ہو۔ نگران انجمن کے علاوہ دیگر صاحبانِ علم جیسے مولانا ابوالاعلیٰ مودودی صاحب'

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.

مولانا عاشق الٰہی صاحب' مولانا یوسف اصلاحی صاحب اور مولانا امین احسن اصلاحی صاحب وغیرہم کی کتب کی مناسب تعداد بھی مکتبہ پر دستیاب رہتی ہے۔ اس سال مکتبہ پر فروخت کے حوالے سے اعداد و شمار اس طرح رہے :

آڈیو کیسٹس 366442 روپے' ویڈیو کیسٹس 213760 روپے

آڈیو کمپیوٹر CDs 132035 روپے' کتب 211292 روپے

## کیسٹ لائبریری

کیسٹ لائبریری کے حوالے سے عرصہ زیر رپورٹ کا گزشتہ سال کے ساتھ حسب ذیل موازنہ ظاہر کرتا ہے کہ سال بہ سال کیسٹ لائبریری سے استفادہ کی صورت حال ترقی پذیر اور حوصلہ افزا ہے :

| | گزشتہ سال | امسال | اضافہ |
|---|---|---|---|
| ممبران کی تعداد | 248 | 277 | 29 |
| جاری ہونے والے آڈیو کیسٹس | 1302 | 2416 | 1114 |
| جاری ہونے والے ویڈیو کیسٹس | 278 | 709 | 431 |
| اسٹاک میں موجود آڈیو کیسٹس | 1139 | 1511 | 372 |
| اسٹاک میں موجود ویڈیو کیسٹس | 400 | 527 | 127 |

© rasailojaraid

## کیسٹ کلب

کیسٹ کلب ہر ہفتے نگران انجمن محترم جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے خطاب جمعہ کا آڈیو کیسٹ گھر گھر پہنچانے کی اسکیم کا نام ہے' جس کا آغاز اگست 98ء میں کیا گیا۔ اس اسکیم کے ممبران شہر کراچی کے کسی بھی علاقے میں ہوں محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کا خطاب جمعہ ہر ہفتے گھر بیٹھے سن سکتے ہیں۔ 30 جون 99ء تک اس کلب کے ممبران کی تعداد 50 تھی جس میں اضافہ ہو رہا ہے۔

## ماہانہ تربیتی پروگرام

حسب سابق اس سال بھی ہر انگریزی مہینے کے پہلے اتوار کو ماہانہ تربیتی پروگرام کا سلسلہ

© rasailojaraid

جاری رہا۔ اس پروگرام میں ایمان کو جلا اور عمل کو تقویت دینے والے موضوعات پر دروس قرآن ' دروس احادیث اور سیرت صحابہ کرامؓ کا بیان شامل ہوتا ہے۔ پہلے یہ پروگرام صبح دس بجے تا ساڑھے بارہ بجے جاری رہتا تھا لیکن ماہ جون سے اس پروگرام کو ماہانہ شب بسری کے پروگرام کے ساتھ ملا دیا گیا ہے۔ اب یہ پروگرام بروز ہفتہ بعد نماز عشاء سے شروع ہو کر اگلے روز صبح ساڑھے دس بجے تک جاری رہتا ہے۔ دورانیہ کے اضافہ کے ساتھ ساتھ اس پروگرام میں مذاکرہ کی صورت میں مطالعۂ قرآن حکیم ' حاصل مطالعہ اور معمولاتِ زندگی انجام دینے کے لئے سنت نبوی ﷺ سے رہنمائی کے سلسلے بھی شامل کئے گئے ہیں۔

## تصنیف و تالیف

نگران انجمن محترم جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی کتب "خطباتِ خلافت" اور "دعوتِ اِلی اللہ" کے سندھی تراجم شائع کئے گئے۔ آسان عربی گرامر حصّہ چہارم کی کمپوزنگ کا کام تقریباً مکمل ہو لیا۔ ان شاء اللہ عنقریب اس حصہ کی اشاعت ہو جائے گی۔ نگران انجمن کی کتب "خواتین کی دینی ذمہ داریاں" "اسلام میں عورت کا مقام" اور "نبی اکرم ﷺ سے ہمارے تعلق کی بنیادیں" کا انگریزی ترجمہ کیا جا رہا ہے۔ ان تراجم کی کمپوزنگ کا کام بھی جاری ہے۔ امید ہے کہ ان شاء اللہ آئندہ سال ان تینوں کتابوں کے انگریزی تراجم شائع ہو جائیں گے۔

## قرآن مرکز کورنگی

الحمد للہ کورنگی نمبر4' سیکٹر A-35 زمان ٹاؤن میں واقع قرآن مرکز کورنگی 95ء سے کام کر رہا ہے۔ اس مرکز میں ناظرہ قرآن کی تعلیم کی سہولت سے 70 بچے اور بچیاں استفادہ کر رہے ہیں۔ تربیتی کلاس کے تحت بچوں اور بچیوں کے لئے ترجمۂ قرآن و حدیث سیرۃ النبی ﷺ ' آداب زندگی اور دینی معلومات کی تدریس کا انتظام کیا گیا ہے۔ اس کلاس میں 25 بچے اور بچیاں زیر تعلیم ہیں۔ عربی گرامر کلاسز باقاعدگی سے منعقد ہوتی رہتی ہیں۔ اس سال ان کلاسز سے 10 حضرات نے استفادہ کیا۔ کیسٹ و کتب لائبریری میں 226 کتب اور 132 وڈیو کیسٹس موجود ہیں۔ لائبریری سے استفادہ کرنے والے ممبران کی تعداد 67 ہے۔ مرکز سے متصل جامع مسجد طیبہ میں بروز جمعرات بعد نماز عشاء ترجمہ قرآن حکیم کی ہفتہ وار محفل

© rasailojaraid.com

باقاعدگی سے منعقد ہوتی ہے۔ ہر سال ایک سالانہ جلسہ بھی منعقد کیا جاتا ہے' جس میں بچوں اور بچیوں کے درمیان حسن قراءت' تقاریر اور دینی معلوماتِ عامہ کا مقابلہ کرایا جاتا ہے۔ اچھی کارکردگی دکھانے والے بچوں اور بچیوں کو انعامات دیئے جاتے ہیں۔ خواتین کی تعلیم و تربیت کے لئے تین کمروں اور ایک بڑے ہال پر مشتمل خواتین یونٹ کی تعمیر جاری ہے اور امید کی جاتی ہے کہ ان شاء اللہ آئندہ سال یہاں خواتین کے لئے عربی گرامر' ترجمہ قرآن اور دیگر دینی علوم کی تدریس کا آغاز ہو جائے گا۔

## 2۔ سٹی آفس

11۔ داؤد منزل' شاہراہ لیاقت' آرام باغ میں طویل عرصہ سے انجمن خدام القرآن سندھ' کراچی کا سٹی آفس واقع ہے۔ اپنے محل وقوع کے اعتبار سے اس آفس کی بڑی اہمیت ہے۔ سال رواں میں اس آفس میں تزئین و آرائش کا کام مکمل کرایا گیا ہے اور یہاں انجمن کی طرف سے [illegible] کیسٹ' کتب' لائبریری اور سیلز پوائنٹ قائم کئے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ اس آفس میں ہفتہ وار درسِ قرآن کا بھی آغاز کیا جا رہا ہے۔ مزید برآں شائقینِ قرآن کے لئے نگران انجمن جناب ڈاکٹر اسرار احمد کے دروسِ قرآن و خطابات کے ویڈیو کیسٹس دیکھنے اور آڈیو کیسٹس کی سماعت کی سہولیات بھی فراہم کی جا رہی ہیں۔

## دستور العمل کی تدوین نو

کافی عرصہ سے یہ بات شدت سے محسوس کی جا رہی تھی کہ انجمن کا موجودہ دستور العمل انجمن کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں اور شعبہ جات کے لئے اور نگران انجمن کے بعد کی صورتحال کے لئے واضح رہنمائی فراہم کرنے سے قاصر ہے۔ لہٰذا انجمن کی مجلس عامہ نے دستور العمل کی تدوینِ نو کے لئے اپنے سالانہ اجلاس منعقدہ 30 نومبر 96ء میں ایک مجاز دستور ساز کمیٹی بنائی تھی۔ الحمدللہ اس سال کمیٹی نے دستور العمل کی تدوین نو کا کام مکمل کر لیا۔ اس سلسلہ میں کمیٹی کے کنوینر جناب عبدالواحد عاصم صاحب کی کاوشیں لائق تحسین ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ سبحانہ تعالیٰ انہیں اجر کثیر عطا فرمائے۔ رجسٹرار جوائنٹ اسٹاک کمپنیز کی طرف سے نئے دستور العمل کی منظوری حاصل کی جا چکی ہے۔

(رپورٹ : عبداللطیف عقیلی)

☆ ☆ ☆

© rasailojaraid.c

# انجمن خدّام القرآن ملتان

## 1) ماہِ رمضان میں دورۂ ترجمہ قرآن کا انعقاد

یہ سلسلہ گزشتہ کئی سالوں سے جاری ہے اور اس سال بھی یہ سعادت ڈاکٹر محمد طاہر خاکوانی کو حاصل رہی۔ حاضری 100۔125 کے لگ بھگ رہی۔ چھٹی کے دن حاضری 150 سے متجاوز ہو جاتی تھی۔ ختم قرآن کی رات حاضری 450 تھی۔ 20 افراد نے اعتکاف فرمایا۔ قرآن کے انقلابی فکر کو ترجمہ میں اجاگر کیا گیا۔

## 2) حلقہ ہائے دروس قرآن

ملتان شہر کے مختلف علاقوں میں حلقہ ہائے دروس قرآن کا اہتمام جاری رہا۔ اس سال خاص طور پر بہاء الدین زکریا یونیورسٹی اور کالجز کو ٹارگٹ کیا گیا۔ الحمد للہ اس میں کامیابی رہی۔ مدرسین میں محمد طاہر خاکوانی‘ سعید اظہر‘ شہباز نور‘ سلیم اختر نمایاں رہے۔

## 3) شعبہ حفظ قرآن

شعبہ حفظ قرآن ترقی کی منزلیں طے کر رہا ہے۔ اس شعبہ میں زیر تعلیم طلبہ کی تعداد 30 سے بڑھ کر 45 ہو چکی ہے۔ ایک مزید استاد کا اضافہ کر لیا گیا ہے۔ 5 بچوں نے حفظ مکمل کیا۔

## 4) عربی کلاس

عربی کلاس 4 ماہ پر محیط رہی۔ 9 افراد نے کورس مکمل کیا۔ استاد پروفیسر ریاض الرحمٰن صاحب تھے۔

## 5) اقرأ سکول کا اجراء

اس سال کی نمایاں بات "اقرأ سکول" کا اجراء ہے۔ اس کا بنیادی مقصد ان بچوں کو پرائمری کی تعلیم دینا ہے جو تعلیم حاصل کرنے سے قاصر ہیں اور مختلف ورکشاپوں اور دکانوں پر دھکے کھا رہے ہیں۔ کل اخراجات انجمن برداشت کر رہی ہے۔ ایک قابل استاد رکھ لیا گیا ہے۔ کلاس کی تعداد 28 ہے۔

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

### 6) "پانچ روزہ تفہیم دین پروگرام" کا انعقاد

قرآن مجید کے مختلف موضوعات پر مبنی اہلِ ملتان کے لئے ایک 5 روزہ پروگرام ترتیب دیا گیا۔ 100 افراد نے شرکت کی۔ پروگرام بہت پسند کیا گیا۔ مقررین حضرات درج ذیل تھے: حافظ عاکف سعید، ڈاکٹر عبدالسمیع، حافظ خالد شفیع، محمد شاہد اسلم اور ڈاکٹر محمد طاہر خاکوانی۔ آخری دن انعامات تقسیم کئے گئے۔

### 7) خواتین کی سرگرمیاں

خواتین کی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ رہا۔ ترجمۃ القرآن اور عربی کلاسوں کا آغاز کیا گیا۔ شرکاء کی تعداد 28 ہے۔ تدریس کے فرائض پروفیسر صغریٰ خاکوانی ادا کر رہی ہیں۔

(رپورٹ : محمد طاہر خاکوانی)

☆ ☆ ☆

© rasailojaraid.c

# انجمن خدام القرآن فیصل آباد

### دورۂ ترجمہ قرآن

عرصہ زیر رپورٹ کے دوران صدر انجمن ڈاکٹر عبدالسمیع زیادہ تر ملک سے باہر رہے۔ لہٰذا اس مرتبہ ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب کی غیر موجودگی میں دفتر انجمن صادق مارکیٹ میں محمد رشید عمر صاحب نے دورۂ ترجمۂ قرآن کی ذمہ داری ادا کی۔ اوسط حاضری 30 افراد رہی جبکہ پیپلز کالونی میں محمد فاروق نے یہ سعادت حاصل کی۔

### ماہانہ درس قرآن

صدر انجمن ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب چونکہ اس مرتبہ زیادہ تر تنظیمی امور کے سلسلہ میں ملک سے باہر رہے' اس لئے ان کی غیر موجودگی میں رحمت اللہ بٹر صاحب نے دو مرتبہ جبکہ ڈاکٹر محمد طاہر خاکوانی' محمد رشید عمر' پروفیسر خان محمد اور سید کفیل احمد ہاشمی نے ایک ایک مرتبہ درس قرآن دیا۔ اوسط حاضری 50 رہی۔

© rasailojaraid.c

## مجلس عاملہ اور شوریٰ کے اجلاس

مجلس عاملہ اور مجلس شوریٰ کے اجلاس وقت کے مطابق ہوئے۔ کرنل نجم حمید اور پروفیسر خان محمد صاحب نے باری باری قائم مقام صدر کے فرائض انجام دیئے۔

## ارکان کی تعداد میں اضافہ

اس سال کے دوران مستقل ارکان میں دو جبکہ عام ارکان میں تین افراد کا اضافہ ہوا۔

## مکتبہ

انجمن کے مکتبہ سے 1128 عدد کتب فروخت ہوئیں' جن کی مالیت -/11622 روپے ہے۔ آڈیو کیسٹ 2160 عدد فروخت ہوئیں' جن کی مالیت -/64818 روپے ہے' جبکہ ویڈیو کیسٹ 52 عدد فروخت ہوئیں' جن کی مالیت -/10873 روپے ہے۔ CDs پانچ عدد فروخت ہوئیں' جن کی مالیت -/775 روپے بنتی ہے۔

## لائبریری

انجمن کی لائبریری سے 405 عدد آڈیو کیسٹ' 68 عدد ویڈیو کیسٹ جبکہ 80 عدد کتب جاری ہوئیں۔

## رپورٹ "الکتاب" ترجمہ قرآن حکیم

قرآن فاؤنڈیشن لاہور کے شائع کردہ قرآن مجید "الکتاب" انعامی طور پر 40 عدد تقسیم کئے گئے' جبکہ قیمتاً 20 عدد جن کی مالیت -/3000 روپے بنتی ہے۔

## جرائد کا سالانہ اجراء

ہفت روزہ "ندائے خلافت" کے 10' میثاق کے 12 جبکہ حکمت قرآن کے 9 عدد سالانہ خریدار بنائے گئے۔

## خط و کتابت کورس

مرکزی انجمن کے زیراہتمام ہونے والے خط و کتابت کورس میں انجمن خدام القرآن فیصل آباد کے ذریعے تین افراد نے داخلہ لیا ہے۔ (رپورٹ : کرنل (ر) نجم حمید)

© rasailojaraid.com

# انجمن خدام القرآن، سرگودھا

## 1) انجمن خدام القرآن کا قیام اور دورۂ ترجمہ قرآن کا انعقاد

سرگودھا میں انجمن خدام القرآن کا قیام 1997ء میں ہوا۔ اگلے ہی سال ایک وسیع قرآن ہال کی تعمیر مکمل ہوئی اور اس میں دورۂ ترجمہ قرآن کا انعقاد ہوا۔ امسال بھی رمضان المبارک میں دورۂ ترجمہ قرآن کا انعقاد قرآن ہال میں ہوا۔ مدرس کے فرائض امیر تنظیم اسلامی حلقہ آزاد کشمیر جناب خالد محمود عباسی صاحب نے ادا کئے۔ ان کا انداز بیان بہت اچھا تھا۔ شرکاء نے بڑے ذوق و شوق اور دلجمعی کے ساتھ پروگرام میں شرکت کی اور مستفید ہوئے۔

## 2) مکتبہ و لائبریری

انجمن خدام القرآن کے زیر اہتمام آڈیو، ویڈیو اور لائبریری کا انتظام ہے، جس کے ذریعے قرآن مجید کی تعلیمات کو عوام تک پہنچانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ گاہے بگاہے مساجد کے باہر اور دینی اجتماعات میں کتب و کیسٹس کا سٹال بھی لگایا جاتا ہے۔ قرآن ہال میں لائبریری روزانہ عصر تا عشاء کھلی رکھی جاتی ہے تاکہ عوام استفادہ کر سکیں۔

## 3) خواتین کا ماہانہ اجتماع

قرآن ہال میں خواتین کا ماہانہ اجتماع باقاعدگی سے ہوتا ہے۔ خواتین کو لائبریری سے استفادہ کرنے کا بھی موقع فراہم کیا جاتا ہے۔

## 4) تربیت گاہوں کا انعقاد

قرآن ہال میں تنظیم اسلامی کے جملہ اجتماعات اور پروگراموں کا انعقاد ہوتا رہتا ہے۔ پہلی مرتبہ سرگودھا قرآن ہال میں مبتدی تربیت گاہ 22 سے 28 نومبر 98ء کو منعقد ہوئی جس میں 14 [illegible] رفقاء نے شرکت کی۔

© rasailojaraid.com

### 5) دعوت رجوع الی القرآن کورس

مورخہ 24 تا 26 ستمبر 99ء کو سہ روزہ دعوت رجوع الی القرآن کانفرنس قرآن ہال میں منعقد ہوئی، جس میں شرکاء کی تعداد تسلی بخش تھی۔ اس کورس میں قرآن کریم کی تعلیمات کو مختلف موضوعات میں پیش کیا گیا۔

### 6) تعداد ارکان

اراکین انجمن خدام القرآن کی کل تعداد 25 ہے جس میں 10 خواتین شامل ہیں۔ رکنیت سازی کے لحاظ سے امسال کوئی اضافہ نہیں ہوا۔ ان شاء اللہ آئندہ اس کے لئے بھرپور کوشش کی جائے گی۔

☆ ☆ ☆

© rasailojaraid.c

## انجمن خدام القرآن راولپنڈی / اسلام آباد

انجمن کے کل اراکین کی تعداد 54 ہے۔ اس کا مرکزی دفتر ملوڈی مارکیٹ اسلام آباد میں ہے جبکہ ایک ذیلی دفتر خیابان سرسید راولپنڈی میں قائم کیا گیا ہے۔ انجمن کے ماہانہ اجلاس ہرماہ کے آخری پیر کو بعد نماز عصر باقاعدگی سے ہو رہے ہیں۔ اس سال اراکین کی ذہنی اور فکری تربیت کے لئے ماہانہ میٹنگ کے ساتھ ایک لیکچر کا بھی اہتمام کیا جا رہا ہے۔ جس کے لئے راولپنڈی اسلام آباد کے مقامی دانشوروں، سائنس دانوں اور مذہبی سکالرز کو مدعو کیا جاتا ہے، جن میں کرنل غلام سرور، ڈاکٹر انعام الرحمٰن اور جنرل (ر) حمید گل قابل ذکر ہیں۔

### تدریسی سرگرمیاں

#### تفہیم دین کورس نمبر1

انجمن کو راولپنڈی کینٹ کے علاقے میں متعارف کرانے کے لئے ایک تفہیم دین کورس کا اہتمام کیا گیا۔ یہ کورس جون 99ء میں ٹینچ بھاٹہ میں ہوا جس میں ہزاروں ہینڈ بل تقسیم کئے گئے اور مختلف مقامات پر بینرز لگائے گئے۔ نتیجتاً 35 احباب نے شرکت کی، اور

© rasailojaraid.c